12-40

# مواجہہ کے سامنے

محمد زاہد نیازی نقشبندی

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

# مواجہہ کے سامنے

محمد زاہد نیازی نقشبندی

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز
۱۱۔گنج بخش روڈ،لاہور

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

85034

نام کتاب ——— مواجہہ کے سامنے

شاعر ——— محمد زاہد نیازی نقشبندی

باراوّل ——— ربیع الاوّل ۱۴۲۷ھ/اپریل ۲۰۰۶ء

باہتمام ——— سیّد محمد شجاعت رسول شاہ قادری

کمپوزنگ ——— **وَرڈز میکر**

مطبع ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ناشر ——— نوریہ رضویہ پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور

کمپیوٹر کوڈ ——— 1N107

قیمت ——— [redacted] روپے

## ملنے کے پتے

**نوریہ رضویہ پبلیکیشنز**

گنج بخش روڈ لاہور 7313885 / 37-الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

**مکتبہ نوریہ رضویہ**

گلبرگ اے فیصل آباد فون: 2626046

Marfat.com

# انتساب

والدِ محترم علیہ الرحمۃ کے انتہائی مخلص دوست

واجب الاحترام

جناب **شیخ نیاز حسین** آف حیدر آباد

کے نام

کہ جن کی محبتوں کا ہم پر بہت قرض ہے

فقیرِ لا ثانی

**محمد زاہد نیازی**

نقشبندی مجددی

Marfat.com

# بظلِ عنایت

پیرِ طریقت جگر گوشۂ حضور نقشِ لاثانیؒ
آلِ نبی اولادِ علی مرشدی حضور قبلہ پیر

**سید محمد ظفر اقبال عابد شاہ صاحب**

دامت برکاتہم العالی
مرکزی سجادہ نشین آستانۂ عالیہ لاثانیہ حسینیہ
علی پور سیداں شریف

Marfat.com

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| * | عرضِ حال — محمد زاہد نیازی ........................ | ۹ |
| * | تقریظ — رشید ہادی ........................ | ۱۱ |
| * | تقریظ — ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی ........................ | ۱۳ |
| * | خدائے لم یزل ہے وہ خدائے ذوالجلال ہے (حمد) ........................ | ۱۹ |
| * | مجھ پر اپنی رحمت کردے یا اللہ (دعا) ........................ | ۲۱ |
| * | جی میں آتا ہے کہ نعتِ شہِ والا لکھوں ........................ | ۲۲ |
| * | جو مسلمان درودوں کے بکھیرے موتی ........................ | ۲۳ |
| * | بیمار کو یا ربّ کوئی پیغامِ شفا بھیج ........................ | ۲۴ |
| * | کیا کہوں کیا میرے حضورؐ کا ہے ........................ | ۲۶ |
| * | اگر دعا کو کبھی دستِ مصطفٰیؐ اُٹھے ........................ | ۲۸ |
| * | دید کے واسطے آنکھوں کے بنا کے رستے ........................ | ۳۰ |
| * | جہانوں کے لئے رحمت محمد ﷺ ........................ | ۳۲ |
| * | ہے میسر نعت خوانی آپ کی ........................ | ۳۴ |
| * | میرے آقا میری سرکارؐ مدینے والے ........................ | ۳۵ |
| * | خوش بخت ہے وہ اک بار بھی جو پہنچا ہے ریاض الجنۃ میں ........................ | ۳۷ |
| * | خدا نوازے گا رحمتوں سے یہ کام پیارے سدا کیا کر ........................ | ۳۹ |
| * | ظلم و ستم جہان سے کافور ہو گئے ........................ | ۴۰ |
| * | دہر میں بھٹکی پھرتی تھی انسانیت اور نہ تھی روشنی ........................ | ۴۱ |
| * | اشک آنکھوں سے مری آج بہے جاتے ہیں ........................ | ۴۳ |


Marfat.com

* آئیں گے غلام آقا کب مسجدِ نبوی میں ............ ۴۵
* سج گئے بازار سارے سج گئی ہے ہر گلی ............ ۴۶
* اپنے بھی نہیں اپنے دشمن ہے زمانہ بھی ............ ۴۷
* کاش ایسی بھیک دیں کبھی خیر البشر مجھے ............ ۴۸
* مل جائے مجھے کاش گدائی تیرے دَر کی ............ ۵۰
* سرکار کی محفل کو سجانے کے لئے آ ............ ۵۱
* ہوں گرفتارِ غم مجھ پہ کر دو کرم در پہ حاضر گنہگار ہے یا نبیؐ ............ ۵۲
* میں جو کچھ بھی ہوں آپؐ کی ہی عطا ہے ............ ۵۴
* یہ لطفِ خاص بھی عالی جناب ہو جائے ............ ۵۶
* تشنگی دل کی بجھائیں گے وہ اِن شاءَ اللہ ............ ۵۷
* رحمت کی بھیک پانے سرکارؐ کی گلی میں ............ ۵۸
* در بدر بھٹکا ہوا دنیا کا ٹھکرایا ہے ............ ۵۹
* بزمِ جاں ذکرِ محمد ﷺ سے سجانے کے لئے ............ ۶۱
* دل کہتا ہے اب یہ میرا اے یار مدینے جائیں گے ............ ۶۲
* جھوم جھوم نام لے نبیؐ کا باوضو ............ ۶۴
* اے کاش میری آنکھیں خضریٰ کو دیکھ آئیں ............ ۶۵
* ہر مانگنے والے کو قرینے سے ملے گا ............ ۶۶
* مدنی مٹھل من ٹھار کی باتیں ............ ۶۷
* رہِ حیات میں وہ شہریار کافی ہے ............ ۶۹
* کونین کے گزارے سرکارؐ کے سہارے ............ ۷۰
* مجھے بھی پستیوں سے اب نکالو ............ ۷۱
* کرم ہو یا رسول اللہ اب آئیں ہم مدینے میں ............ ۷۲
* آپ سا یا مصطفیٰؐ ہو گا نہ دنیا میں سخی ............ ۷۳
* مل جاتا ہے جب کوئی مہمان مدینے کا ............ ۷۴

Marfat.com

* نبی کی یاد سے جو دل کبھی بسائے نہیں ........................ ۷۵
* لمحات جب ملے ہیں مواجہہ کے سامنے ........................ ۷۶
* غلام ہوں مجھے وابستۂ کرم رکھیے ........................ ۷۷
* پتی پتی پھول پھول یارسولؐ یارسولؐ ........................ ۷۸
* ذکرِ محبوبؐ کی لذت کو یہ لب جانتے ہیں ........................ ۸۰
* خدا ہم کو بے شک خدائی نہ دے ........................ ۸۲
* میرے مرشد کا جو گھرانہ ہے (منقبت) ........................ ۸۳
* دنیا میں یوں جیا کرو (دعوتِ فکر) ........................ ۸۴
* الفاظ کے گلشن کی مہکار سدیدی ہے (منقبت) ........................ ۸۶
* اللہ اللہ یہ شکوہ وعز وشانِ اولیاء (شانِ اولیاء) ........................ ۸۷
* والد محترم کی جدائی میں ........................ ۸۸

**حصہ پنجابی** ........................ ۸۹

* خالق اللہ رازق اللہ سب دا مالک اللہ (حمد) ........................ ۹۰
* کدوں تیکر غماں داز ہر پیواں یارسول اللہؐ ........................ ۹۱
* دکھاں غماں دے کولوں میں پچھا چھڑا لیا ........................ ۹۲
* چار کھدے نیں دل اندر گنہگار مدینے دا ........................ ۹۳
* نہ کوئی آرزو خدائی دی نہ میں طالب کسے خزانے دا ........................ ۹۵
* عابد زاہد عاصی کو ہجے سوہنے وَن سونے ........................ ۹۷
* نعت لکھنے دا جدوں لگا پتہ تھوڑا جیہا ........................ ۹۹
* کرم سرکارؐ دا ہے واجاں پیا ماردا ........................ ۱۰۱
* او گنہاراں دیاں مکیاں اَج انتظاریاں ........................ ۱۰۳
* سیّدی مرشدی یا نبیؐ یا نبیؐ ........................ ۱۰۵
* خیالاں توں اُچا مقام آپؐ دا اے ........................ ۱۰۷
* مقدر جیہد اوی جگاؤ ندا اے سوہنا ........................ ۱۰۹

Marfat.com

* گناہاں دی میں جان داہاں سزا اے ........................ ۱۱۰
* سوہنیاں گلاں لج پال دیاں ........................ ۱۱۲
* شاناں مرے نبیؐ دیاں سب توں نرالیاں ........................ ۱۱۴
* تیرا لے کے ناں میں سوہنیاں وچہ جگ دے موج کراں ........................ ۱۱۶
* قطرہ کرم دا کوئی میں ول وی میرے سائیاں ........................ ۱۱۸
* فیر آئی یاد مدینے دی دل سینے اندر ہلیا اے ........................ ۱۱۹
* اللہ دا کرم ہو یا جاواں صدقے نصیباں دے ........................ ۱۲۰
* کریماں سوہنیا میرے تے کر دے ایہہ عطا جلدی ........................ ۱۲۱
* اللہ تیرے جیہا کوئی نہ بنایا مدنی کریم سوہنیاں ........................ ۱۲۲
* میرے لباں تے جس ویلے اوہدی نعت ہندی اے ........................ ۱۲۳
* اُچیاں نیں شاناں سرکارؐ دیاں ........................ ۱۲۴
* عاشقاں جشن منایا اوہدے عاشقاں جشن منایا ........................ ۱۲۶
* ساڈی ضرورتاں نوں سرکارؐ جان دے نیں ........................ ۱۲۷
* کم چنگے میں کیتے نیں کد سوہنیا ........................ ۱۲۸
* حق تعالیٰ دا پیارا کملی والا آ گیا ........................ ۱۳۰
* دروداں دے تحفے سلاماں دے تحفے ........................ ۱۳۱
* ایتھے نہ کرے کوئی اغیار دیاں گلاں ........................ ۱۳۲
* کرم ایسا کمایا سیّداں نیں ........................ ۱۳۴
* مستقبل تے میریاں نظراں خبراں رکھاں حال دیا ........................ ۱۳۵
* دھماں پیاں نے جو میرے ناں دیاں (ماں) ........................ ۱۳۶
* رباعیاں ........................ ۱۳۸

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرضِ حال

الحمدللہ! میں اپنا دوسرا مجموعۂ نعت پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ میں نے پہلے مجموعۂ نعت ''سرکار کی گلی تک'' میں عرض کیا تھا کہ میں نعت گوئی کو فن نہیں سمجھتا یہ سراسر عطا کا معاملہ ہے کیونکہ میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مظہرِ انوارِ خداوندی ہیں حسنِ صورت و سیرت کا یہ عالم ہے کہ طٰہٰ و یٰسین کی تابانیاں آپ کا احاطہ کیے ہوئے ہیں اور جو بھی آپ کو دیکھتا ہے پکار اُٹھتا ہے کہ ایسا حسین و جمیل چہرہ جھوٹ نہیں بول سکتا۔ نعت گو شعراء نے آپ کے سراپائے اقدس کو ہر دور میں خراجِ شعر پیش کیا ہے اب حضرات میرا ایمان ہے جب تک یہ سراپائے اقدس فکر و نظر میں رچ بس نہ جائے اس وقت تک نعت کہنا ممکن نہیں یہ وہ مقام ہے کہ جہاں دُور دُور تک فن نظر نہیں آتا بلکہ یہاں حُسنِ عقیدت ہاتھ باندھے کھڑی نظر آتی ہے۔

نعت کے حوالہ سے آقا علیہ السلام کی کرم نوازیوں کا کیا بیان کروں پہلی کتاب کی اشاعت سے بہت پہلے سرکار ﷺ نے شرفِ باریابی بخشا اور مسجدِ نبوی میں بھی نعتیں عطا فرمائیں اور اب یہ کتاب جب آپ کے ہاتھوں میں ہوگی تو یہ غلام پھر اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی چوکھٹ پر عرضِ حال کر رہا ہوگا۔ ان شاء اللہ اس سفرِ مبارکہ کے دوران عطا ہونے والی نعتیں تیسرے مجموعہ ''یہ کوچۂ حبیب ﷺ ہے'' میں پیش کروں گا۔

میں آج جس مقام پر ہوں یہ یقیناً میرے ماں باپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کیوں کہ کچھ عرصہ قبل میں غزل کہا کرتا تھا اور ممتاز شاعر جناب مشتاق لطیف صاحب میری اصلاح فرمایا کرتے ہیں۔ مشاعروں میں شرکت کے بعد جب رات گئے گھر واپس آتا تو والدِ محترم علیہ الرحمہ کی ناراضگی کا سامنا کرنا پڑتا۔ آخر ایک دن فرمانے لگے کہ اگر تمہیں شعر کہنے کا اتنا شوق ہے تو پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت کہو جو دنیا میں بھی تمہارے کام آئے گی اور آخرت میں بخشش کا وسیلہ بھی۔ چنانچہ یہ بات میرے دل پر نقش ہوگئی اور میں نعتیں کہنے لگا اور والدِ محترم علیہ الرحمہ میری اصلاح فرمانے لگے اور ساتھ ساتھ میری بھرپور حوصلہ افزائی بھی کی اور خود

Marfat.com

میری لکھی ہوئی نعتیں پڑھیں۔ آج اللہ رسول کی مہربانی والدین کی دعاؤں اور مرشد کریم کی روحانی توجہ سے صورتحال یہ ہے کہ وطنِ عزیز کے نامور ثناخوان حضرات میرا لکھا ہوا کلام پڑھ رہے ہیں۔

ے میں اس کرم کے کہاں تھا قابل حضور کی بندہ پروری ہے

ہر چند کہ میں والدِ محترم کی پیروی کرتے ہوئے عوامی انداز کی شاعری کرتا ہوں لیکن اس مجموعہ میں شامل نعتوں میں آپ کو ادبی رنگ نظر آئے گا۔ میرے بزرگ ممتاز نعت گو شاعر رشید ہادی صاحب نے میرے ذوق کو نکھارنے کے لئے مجھے اپنے ساتھ نعتیہ مشاعروں میں شریک ہونے کا موقع فراہم کیا جہاں نامور ادبی لوگوں سے ملاقات ہوئی۔ چنانچہ انہیں سن کر میرے اندر بھی اس شوق نے انگڑائی لی کہ میں بھی اس رنگ میں نعت کہوں۔ پھر رشید ہادی صاحب نے میری بھرپور حوصلہ افزائی فرمائی اور میں اس قابل ہوا اس کے لئے میں ہمیشہ ان کا مشکور رہوں گا۔

میں وطنِ عزیز کے نامور نقیب جناب خاور عظیم قادری صاحب کو بھی خراجِ تحسین پیش کروں گا کہ فنِ نقابت میں مجھ سے بہت بڑے ہونے کے باوجود مجھے بڑا بھائی سمجھتے ہیں اور میری عزت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں شاد و آباد رکھے۔ (آمین)

یہاں خصوصی طور پر ذکر کرنا چاہوں گا محترم جناب شیخ محمد ناصر پاشی صاحب اور شیخ محمد زاہد صاحب آف شوکت فیبرکس کا کہ نعتیہ حلقوں میں مجھے متعارف کروانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

اور ان تمام عاشقانِ مدینہ کا بھی بے حد شکر گزار ہوں کہ جو نعت کے حوالہ سے اپنی محبتوں سے نواز رہے ہیں۔

آخر میں نوریہ رضویہ پبلی کیشنز کے محترم جناب سیّد محمد شجاعت رسول شاہ صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ مجموعہ پیش خدمت ہے۔ کہیں غلطی نظر آئے تو ضرور مطلع فرمائیے گا۔

فقیرِ لاثانی

صاحبزادہ محمد زاہد نیازی نقشبندی مجددی

0300-6636729

Marfat.com

نقیبِ آقائے دوجہاں ﷺ ۔فقیرِ لاثانی محمد زاہد نیازی مجددی نقشبندی جن کا تازہ نعتیہ مجموعہ ''مواجہہ کے سامنے'' شائع ہو رہا ہے۔ میں یہاں اُن کا تعارف پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ملک کے گوشہ گوشہ میں محافلِ نعتِ پاک میں یہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض انجام دیتے ہیں اس لئے نقیبِ آقائے دوجہاں ہیں۔ آستانۂ عالیہ پیر سیّد جماعت علی شاہ صاحب علی پور سیداں سے روحانی تعلق کی وجہ سے فقیرِ لاثانی ہیں۔ الحاج عبدالستار نیازیؔ رحمۃ اللہ علیہ کا بیٹا ہونے کی وجہ سے نیازیؔ اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ سے وابستگی انہیں مجددی نقشبندی بناتی ہے۔ اِن کا نام محمد زاہد ہے۔ زاہدؔ تخلص رکھتے ہیں۔

محمد زاہد نیازی کے والدِ گرامی قدر الحاج عبدالستار نیازیؔ رحمۃ اللہ علیہ دنیائے نعت میں ایک منفرد۔ بلند اور عوامی مقبولیت کا مقام رکھنے والے ایک ایسے نعت خوان اور نعت گو شاعر تھے جن کا لکھا اور پڑھا ہوا کلام آج بھی ہر محفل میلادِ مصطفیٰ ﷺ میں پڑھا جاتا ہے وہ محبانِ مصطفیٰ ﷺ کے جذبات وخیالات بہت آسان پیرایا میں نعت کی شکل میں ڈھالنے کا جداگانہ انداز رکھتے تھے ان کا کلام بڑے بڑے شہرت یافتہ قوال اور نعت خوانانِ عظام نے پڑھا اور زبان زدِ عام ہوا انہوں نے نہ صرف پاکستان کے طول وعرض گاؤں گاؤں قریہ قریہ میں سرکارِ دوعالم ﷺ کے گیت گائے بلکہ بیرونِ ممالک سے خصوصی دعوت پر اُنہیں نعتِ پاک سنانے کے متعدد مواقع نصیب ہوئے۔

حکومت پاکستان کی طرف سے اُن کی نعت خوانی کے اعتراف کے طور پر اُنہیں سرکاری طور پر حج بیت اللہ کے لئے بھی بھیجا گیا۔

زاہدؔ نیازی کو عبدالستار نیازی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت سے ابتدا سے ہی اپنے گھر۔ محلّہ اور معاشرہ میں خالص اسلامی ماحول نصیب ہوا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے والہانہ عشق ومحبت رکھنے والے نعت خوانانِ عظام۔ مشائخ عظام۔ علمائے کرام نعت گو شعرائے کرام اور سامعین نعت سے میل جول نے بھی اپنا اثر دکھایا۔

Marfat.com

اس لئے آج زاہد نیازی کہیں محفل پاک میں سٹیج سیکرٹری کی حیثیت سے کہیں نعت خوان اور کہیں نعت گوشاعر کی حیثیت سے عاشقانِ سرکارِ دو عالم ﷺ کے قلوب واذہان کو منور کرتا نظر آتا ہے۔ یہ درویش صفت انسان بہت کچھ ہو کر بھی اپنے آپ کو کچھ نہیں سمجھتا اور اس کا یہی انداز اسے منفرد مقام کا حامل بنا گیا ہے۔ ہر چھوٹے بڑے کی عزت کرنے والا عجز وانکساری کا یہ پیکر تاریخ خالی ہونے کی صورت میں بے لوث انداز سے محفلِ نعتِ پاک اور نعتیہ مشاعرہ میں شرکت کے لئے ہمہ وقت تیار نظر آتا ہے کہ انہی سرگرمیوں کو وہ اپنی اُخروی نجات کا ذریعہ سمجھتا ہے البتہ اگر مطلوبہ تاریخ کے لئے وہ پہلے کہیں وعدہ کر چکا ہے تو معذرت خواہانہ انداز میں مجبوری ظاہر کر دیتا ہے کہ وعدہ خلافی کرنا اُس کے قریں دھوکہ دہی کے زمرہ میں آتا ہے۔

زاہد نیازی کو نقیبِ محفل اور نعت خوان کے طور پر میں نے اتنا نہیں سنا جتنا نعتیہ مشاعروں میں سنا ہے اُن کے کہے ہوئے کلام کو سن کر نعت گوئی کے اساتذہ کرام بھی خوب داد سے نوازتے ہیں اور اس بات کے معترف ہیں کہ فنِ نعت گوئی کے وسیع علم اور عشق مصطفیٰ ﷺ سے مالا مال زاہد نیازی ایک معتبر نام ہے۔

''مواجہہ کے سامنے'' کے مطالعہ کے بعد میں نے مشورہ دیا کہ زاہد صاحب آپ پنجابی اور اُردو کلام کو الگ الگ شائع کریں تا کہ ادبی مقابلوں میں کتاب کو بھیجا جا سکے مگر زاہد نیازی نے یہ کہہ کر مجھے لاجواب کر دیا کہ دنیا کے کسی انعام یا مقابلہ میں اوّل دوئم آنے کی مجھے تمنا ہی نہیں ہے۔ اور نہ ہی میں کسی صلہ وستائش یا تعریف وتوصیف چاہتا ہوں۔ میرے لئے تو یہ بہت بڑا اعزاز ہے کہ مجھے مدینہ منورہ کی حاضری نصیب ہوئی اور میں نے اپنے آقا ﷺ کی سنہری جالیوں کے پاس کھڑے ہو کر اپنے آقا ﷺ کو نعتِ پاک سنائی ہے اور محافل پاک میں محبانِ مصطفیٰ میرا کلام و بیان سن کر مجھے عزت بخشتے ہیں اور نعتِ پاک کے حوالہ سے ہی انتہائی قابلِ احترام شخصیات میرا احترام کرتی ہیں حالانکہ میں تو عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ کا ادنیٰ خادم ہونے کو بہت بڑا اعزاز سمجھتا ہوں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ محمد زاہد نیازی کو سرورِ کونین ﷺ کے صدقہ میں مزید رفعتوں سے نوازے اور زورِ قلم اور زیادہ ہو۔ آمین ثم آمین بجاہِ سید المرسلین۔

رشید ہادی عفی عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زاہد نیازی کا مجموعۂ شعر جس میں حمد‘ نعت‘ منقبت اور استغاثہ کے حوالے سے شعروں کا تنوع اور خیالات کی بوقلمونی موجود ہے‘ میرے لیے نہایت خوشگوار احساس کا سبب بنا ہے‘ شعر کی ہئیت‘ مضمون آفرینی کی ندرت اور اسلوب کی صیانت نے متاثر کیا‘ یقیناً زاہد نیازی کو شعر پر دسترس حاصل ہے‘ یہ دور نعت کا ہے اور قریہ قریہ بستی بستی نعت کہی جا رہی ہے‘ نعتیہ مجموعے بھی تسلسل سے اشاعت پذیر ہو رہے ہیں‘ اطمینان ہوتا ہے کہ سوچ کا رُخ عافیت کے حصار میں ہے اور صداقت شعاری کا جوہر تابدار ہے۔ اس دورِ بے اماں میں نعت ہی پیوستگیٔ احساس کی ترجمان ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر یہ جذبے بیدار رہے اور خیال کا یہ رشتہ سلامت رہا تو اُمتِ مسلمہ کو قبلہ رُخ ہونے میں دیر نہیں لگے گی‘ نعت‘ حرفوں کی طہارت بھی ہے اور معانی کی حسین ترتیب بھی‘ اس سے ایک ایسے تعلق کا اظہار ہوتا ہے جو شاعر کو بھی اور سامع کو بھی رفعتیں عطا کرتا ہے اور یہی تعلق مستقبل کے سہانے پن کا پیغام بر بھی ہے۔ زاہد نیازی کے نعتیہ اشعار سے ایک گونہ مسرت ہوئی اور ایک اعتماد محسوس ہونے لگا‘ کہتے ہیں اس زمانے میں اچھی روایات ناپید ہوتی جا رہی ہیں‘ جہاں فرشتوں کا سا ذوق پرورش پاتا تھا وہاں:

’’پرے باندھے عفریت گویا کھڑے ہیں‘‘۔

جس صاحبِ فکر و نظر سے ملنے پر گلہ صاف سنائی دے گا کہ نئی نسل نے ماضی سے رشتہ توڑ لیا ہے‘ علم کی روایت‘ تقویٰ کا تسلسل اور ایمانی سماج کی صورت‘ مضمحل ہے‘ یہ شکایت منفعل ہونے پر مجبور کر رہی ہیں اور اصحابِ دانش اس پر پوری قوت سے تبصرے کر رہے ہیں مگر زاہد نیازی جیسے جوانوں کو دیکھ کر ایک اعتماد اُمڈنے لگتا ہے۔

زاہد نیازی کا گھرانہ نعت کا گھرانہ ہے‘ اُن کے والد گرامی عبدالستار نیازی مرحوم کے شب و روز نعت لکھنے‘ نعت پڑھنے اور مجالس نعت کی سرپرستی کرتے ہوئے گزرے ہیں‘ ایک آواز جو دلنشیں بھی تھی اور پُر درد بھی‘ وطنِ عزیز ہی میں نہیں باہر تک سنائی دیتی تھی‘ حیرت ہے کہ

Marfat.com

اُن کے دنیا سے اُٹھ جانے کے بعد بھی یہی آواز ہر کہیں سماعتوں کی تطہیر اور تہذیب کا باعث ہے، نیازی مرحوم نے یہ ذوق اولاد میں منتقل کیا وہ جسے اپنی زندگی کا اثاثہ سمجھتے تھے وہی اپنی نسل کو ودیعت کیا' نہ معلوم درہم ودینار کی وراثت کتنی چھوڑی مگر یہ یقین ہے کہ عقیدت ومحبت کی سلیقہ مندی کی وراثت سب کو دے گئے' اک زمانہ تھا کہ نیازی صاحب مرحوم کا مجموعہ نعت میرے پیشِ نظر تھا' اُن کی مجھ سے محبت تھی کہ میں اُن کے مجموعہ نعت کے پیش لفظ کے طور پر کچھ لکھوں' اُن کا تعلق اس قدر استوار تھا کہ تعمیل حکم کرنا پڑی۔ پنجابی زبان کے نعت گوشاعر' جب اُردو نعت کا مجموعہ لئے تشریف لائے تھے تو اک گونہ حیرت ہوئی تھی' پڑھا تو مزید حیرت ہوئی کہ نعت کا جذبہ بہر رنگ اثر آفریں تھا۔

زاہد نیازی جب اپنے والدِ مرحوم کے اثاثہ جات کے وارث کے طور پر اپنا مجموعہ نعت لے کر آئے تو نسلِ نو پر اعتماد کو بڑا سہارا ملا' یہ حسیں روایت کا تسلسل ہے۔ باپ کا علم بیٹے کو ازبر ہے' اب تو حضرتِ اقبال کو شکوہ نہ ہوگا' مجھے زاہد کی صلاحیتِ شعر کا ایک مدت سے اعتراف ہے حتیٰ کہ جب نیازی مرحوم مجموعہ نعت لئے آئے تھے تو بے ساختہ میرے منہ سے نکل گیا تھا کہ کیا آپ نے یہ مجموعہ زاہد کو دکھا دیا ہے تو وہ مسکرائے اور اپنی توسیع پر مسرت کا اظہار کیا' زاہد غزل کے لہجے سے آشنا ہے' لفظوں کے انتخاب کا اُسے سلیقہ آتا ہے اور اسلوبِ شعر کی روایت بھی اُس کے پیش نظر ہے' اس پر گھرانے کا دینی ماحول' نوخیز عمری سے ہی نعت کا سایہ اور شخصی میلان' اس روایت کو اور مجلّا کر گیا ہے' اب تو وہ صرف حرفوں میں نعت نہیں کہتا۔ اُس کے افعال واعمال' سیرت وکردار کی ہر جنبش نعت کا تقدس اوڑھے ہوئے ہے وہ اب نعت گو شاعر ہی نہیں' نعت کے آداب سے تراشا ہوا حسین جوان ہے' اس سے مجھے نسبتوں کی برکات کا اندازہ ہوا' صبیح رحمانی نے کہا تھا

؎ میرے طاقِ جاں میں نسبت کے چراغ جل رہے ہیں
مجھے خوف تیرگی کا کبھی تھا نہ ہے نہ ہو گا

علی پور کی مستحکم نسبت نے نیازی کو بھی ہر تیرگی سے پناہ دے دی ہے۔

زاہد نیازی کے ہاں نعتیہ مضامین کی متعدد جہتیں ہیں' اُس نے اپنی شعری صلاحیت کو کئی قالب میں ڈھالا ہے اور کامیاب رہا ہے' مدح میں حُسنِ ذات' حسنِ سیرت' حسنِ عطا کے تمام حوالے موجود ہیں اور ہر خیال بڑے سلیقے سے باندھا گیا ہے۔ مثلاً حُسن ذات کے والے سے کہا

Marfat.com

؎ والضحیٰ چہرہ ہے مازاغ بصر، لب یوحیٰ
اور حسیں گیسوئے واللیل ہیں شانے کے لئے

.......................

؎ کستوری و عنبر سے مہک ڈھونڈنے والو
خوشبو کا مزہ اُن کے پسینے سے ملے گا

.......................

؎ تیرے قدموں کے لمس نے اُنہیں رفعت بخشی
اب بھی نازاں ہیں شہا غارِ حرا کے رستے

حُسنِ سیرت کی جلوہ سامانیاں دیکھئے۔

اہلِ طائف نے تو برسائے تھے پتھر اُن پر
لبِ شیریں سے جھڑے پھر بھی دُعا کے موتی

.......................

بددعا جان کے دشمن کو بھی کب دیتے ہیں
بن کے رحمت وہ جو آئے ہیں زمانے کے لئے

.......................

آپ نے عمل سے اپنے ثابت کیا زندگی اصل ہے بندگیٔ خدا
غیر بھی دے رہے ہیں گواہی تری کیا حسیں تیرا کردار ہے یا نبی

اور اب چند حُسنِ عطا کے حوالے

میرے دامن میں تو ذرّوں کے سوا کچھ بھی نہ تھا
ان کی رحمت نے مگر سب ہی بنائے موتی

.......................

میں تو گمنامی کے جنگل میں بھٹکتا رہتا
یا نبی ؐ کتنا کرم آپ نے فرمایا ہے

.......................

Marfat.com

موج بلا میں زاہد کشتی پھنسی ہوئی تھی
مجھ کو ملے کنارے سرکار کے سہارے

.....................

کشکول لے کے ہاتھ میں دنیا کے بادشاہ
منگتوں میں آ ملے ہیں مواجہہ کے سامنے

.....................

رحمت برس رہی تھی رسالت مآب کی
ہم بھیگتے رہے ہیں مواجہہ کے سامنے

زاہد نیازی، تمنائے کرم کے آداب میں اطاعت شعاری کے اساسی جذبے کو نہیں بھولے، اس لئے اُن کا اعتراف ہے۔

نارسائی کا گلہ اپنی جگہ یہ تو بتا
تو چلا ہے کبھی محبوبِ خدا کے رستے

کردار کی یہ نعمت نصیب ہو جائے تو پھر کوئی غم نہیں رہتا، بلا کا اعتماد آ جاتا ہے۔

کشتی نبیؐ کے نام پہ جب میں نے چھوڑ دی
رستہ بنا کے دیتے رہے خود بھنور مجھے

اس عطاء و کرم کا ایک نسخۂ کیمیا بھی زاہد نیازی کو ہاتھ لگا ہے مثلاً کہتے ہیں

تو بھی سلطانِ مدینہ کی ذرا بزم سجا
تیری قسمت بھی جگائیں گے وہ ان شاء اللہ

زاہد نیازی کی نعت، مضامینِ نعت کے متعدد اشاروں کے باوجود ایک طلب پر محصور ہے، مدینہ منورہ جو شہر تمنا بھی ہے، قربِ مکانی کا حوالہ بھی ہے اور ناچار و لاچار کے لئے جائے اماں بھی ہے، اس لئے ہر نعت گو حاضری کی تمنا کرتا رہا ہے، یہ تمنا نعتیہ شاعری کا جزو اعظم ہے اس لئے ہر کہیں اسی کی جلوہ ریزیاں ہیں مگر زاہد نیازی کے ہاں یہ تڑپ حاصل تمنا ہے۔ پورے مجموعہ میں اس تڑپ کی رنگارنگی دیکھی جا سکتی ہے۔ خواہش جب اندر کا ایقان بن جائے، تمنا جب واردات کا روپ لینے لگے تو کرم ہو جایا کرتا ہے، زاہد نیازی کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا،

Marfat.com

خواہش انگڑائیاں لیتی رہی‘ اس کے طلاطم نے جسم کولرزا دیا تو اجازت نصیب ہوگئی‘ زیارت کی تمنا بھر آئی‘ حاضری کا کیف اس قدر ہمہ جہت تھا کہ ہر جہت دمکنے لگی‘ بڑے اعتماد سے کہا جاسکتا ہے کہ زاہد نیازی کی نعتیہ شاعری کے دو پرت ہیں‘ ایک جانے سے پہلے اور ایک جانے کے بعد‘ آیئے خواہشوں کی جلترنگ دیکھیں۔

قافلے دیکھ کے طیبہ کے میں رو دیتا ہوں
میں بھی آ جاؤں نہ اس بار مدینے والے

.....................

اے زائرِ مدینہ مجھ کو بھی ساتھ اپنے
لے چل کسی بہانے سرکار کی گلی میں

.....................

مجھ کو بھی آئے گا طیبہ سے بلاوا اِک دن
حالتِ قلب مری شاہِ عرب جانتے ہیں

.....................

وہ آنکھیں بھی آنکھیں ہیں کس کام کی
جنہیں تیرا جلوہ دکھائی نہ دے

.....................

زاہؔد کی تمنا ہے اُس وقت یہ دم نکلے
یا ربّ یہ پہنچ جائے جب مسجد نبوی میں

حاصلِ مراد پانے پر وارفتگی کا عالم عجب دلکشا ہے۔

اپنے دامن میں درودوں کے سوا کچھ بھی نہیں
ان کی چوکھٹ پہ یہ سوغات لئے جاتے ہیں

.....................

مدینہ پاک میں پہنچو تو بس درود پڑھو
لب پہ مہر ادب اور نظر میں خم رکھتے

Marfat.com

دیکھ آیا ہوں جس دن سے رعنائیاں گنبد کی
نقشہ ہے نگاہوں میں ہر آن مدینے کا

..................

وہ چند روز جو گزرے نبیؐ کی چوکھٹ پر
وہی حیات کا حاصل ہیں وہ بھلائے نہیں

..................

دل ہے کہ اپنے گھر میں بھی لگتا نہیں مرا
ایسا پسند آیا نبیؐ کا نگر مجھے

اب تو زاہد کو یقین ہو گیا ہے کہ

مسافرانِ لحد کو سکون کی خاطر
نبیؐ کے شہر کا قرب و جوار کافی ہے

اس لئے اُن کی دُعا بھی یہی ہے۔

تمنا ہے زاہد نیازی مری
خدا اُن کے در سے جدائی نہ دے

یہی اعتماد اور یہی ذوق وشوق زاہد نیازی سے نعت لکھوا رہا ہے' خوش قسمت یہ جوان جس نے محبت کا سوز پالیا ہو ے اس لئے اب تو اُسی کے نوکِ قلم سے بھی روشنی پھوٹنے لگی ہے۔

روشنی پھوٹتی ہے نوکِ قلم سے میرے
ذات احمدؐ کو میں جب نور سراپا لکھوں

میں نہایت حسرت کے ساتھ زاہد نیازی کے اس مجموعہ شعر کا خیر مقدم کرتا ہوں۔

ے اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
وائس چانسلر
انڈی پنڈنٹ یونیورسٹی فیصل آباد

Marfat.com

# حمد

خدائے لم یزل ہے وہ خدائے ذُوالجلال ہے
وہ باکمال ہے بڑا اسی سے ہر کمال ہے
وہ رفعتوں کا ہے امیں ہر ایک دل میں ہے مکیں
وہ لاشریک وحدہٗ نہ اس کی مثل ہے کہیں
عروج ہے فقط اسے اسی کو ہر کمال ہے
خدائے لَمْ یَزَلْ ہے وہ

وہ کیڑے پالتا ہے پتھروں میں اس کی شان ہے
اور اس کی قدرتوں کو دیکھ کر بشر حیران ہے
سمجھ نہ جس کی آسکے وہ ایسا اک سوال ہے
خدائے لَمْ یَزَلْ ہے وہ

یہ پانیوں پہ کشتیوں کا تیرنا اسی سے ہے
یہ تیرا میرا چلنا پھرنا بولنا اسی سے ہے
جہاں بھی دیکھ لو اسی کی ذات کا جمال ہے
خدائے لَمْ یَزَلْ ہے وہ

Marfat.com

کوئی پسر کی چاہ میں جہان سے گزر گیا
کسی کا گوہرِ مراد سے پیالہ بھر گیا
کہیں خوشی کی بارشیں کہیں فقط ملال ہے

خدائے لَمْ یَزَلْ ہے وہ

شجر میں وہ حجر میں وہ تو شمس اور قمر میں
سماعتوں میں ہے وہی مرے دل ونظر میں وہ
میں زاہدؔ اس سے پھر سکوں مری کہاں مجال ہے

خدائے لَمْ یَزَلْ ہے وہ

Marfat.com

# دعا

مجھ پر اپنی رحمت کردے یا اللہ
میرا خالی دامن بھر دے یا اللہ
پلک جھپکتے پُل سے پار اتر جاؤں
اپنی رحمت کے دو پردے یا اللہ
محشر کی ذلت سے کاش میں بچ جاؤں
مجھ کو بس اس قابل کردے یا اللہ
تو اپنے محبوب کے صدقے رکھ لینا
عاصیوں کے محشر میں پردے یا اللہ
چھوڑ کے تیرا در یہ اور کہاں جائیں
تیرے بندے تیرے بردے یا اللہ
جب تڑپوں طیبہ سے بلاوا آ جائے
آہوں میں اتنا تو اثر دے یا اللہ
پوری کردے یہ خواہش بھی زاہد کی
طیبہ میں چھوٹا سا گھر دے یا اللہ

Marfat.com

جی میں آتا ہے کہ نعتِ شہہ والا لکھوں
وَرَفَعنَا لَكَ ذِكرَكَ کے سوا کیا لکھوں

جس قدر تمکنتِ قیصرو کسریٰ دیکھوں
کمتر از جاہِ سگ شہرِ مدینہ لکھوں

روشنی پھوٹتی ہے نوکِ قلم سے میرے
ذاتِ احمدؐ کو میں جب نور سراپا لکھوں

نازشِ کون و مکاں فخرِ دو عالم ہیں حضورؐ
سب رسولوں میں انہیں ارفع و اعلیٰ لکھوں

سرخرو ہونگے مرے اشکِ ندامت اِک دن
رنگ لائے گا مرے دل کا تڑپنا لکھوں

میں بھی کشکول بکف در پہ پہنچنے کیلئے
کیوں نہ اشکوں سے اُنہیں ایک عریضہ لکھوں

ٹمٹائیں سرِ مژگاں جو ستاروں کی طرح
میں انہیں کوئے مدینہ کی تمنا لکھوں

مجھ کو زاہدؔ جو میسر ہے غلامی اُنؐ کی
اپنے دامن میں ہر اک نعمتِ عظمیٰ لکھوں

85034

Marfat.com

جو مسلمان درودوں کے بکھیرے موتی
ان گنت رحمتِ مولا کے سمیٹے موتی

اہلِ طائف نے تو برسائے تھے پتھر اُنؐ پر
لب شیریں سے جھڑے پھر بھی دعا کے موتی

بعد مرنے کے مرے گھر کے ہر اک کونے سے
نعتِ سرکار دو عالمؐ کے ہی نکلے موتی

یا نبیؐ آپ کی اُلفت کے سوا کیا ہوگا
میں نے رکھے ہیں جو سینے میں چھپا کے موتی

ساعتیں وقتِ تہجد کی ہیں لاتی اکثر
قربِ محبوب خدا بخشنے والے موتی

میرے دامن میں تو ذرّوں کے سوا کچھ بھی نہ تھا
اُنؐ کی رحمت نے مگر سب ہی بنائے موتی

جب بھی اٹھے ہیں مرے ہاتھ دعا کی خاطر
میری آنکھوں سے ندامت کے ہیں ٹپکے موتی

تیرا زاہد ہوں مگر پھر بھی تہی داماں ہوں
اپنی رحمت کے عطا کر مجھے ہیرے موتی

Marfat.com

بیمار کو یا ربّ کوئی پیغام شفا بھیج
محبوب کے کوچے کی مجھے ٹھنڈی ہوا بھیج

سرکارؐ کی چوکھٹ پہ جبیں میری جھکی ہو
ممکن ہو تو میرے لئے اس وقت قضا بھیج

اے قاسمِ نعمت میرا کشکول ہے خالی
کر مجھ پہ کرم اور کوئی سامانِ عطا بھیج

میدانِ قیامت ہے کڑی دھوپ ہے آقا
کوثر سے عطا جام ہو رحمت کی ردا بھیج

پانی ترے چشموں کا ہوا تیری گلی کی
اے رحمتِ عالمؐ مجھے یہ آب و ہوا بھیج

قدموں میں غلاموں کو بلا بھیجنے والے
مجھ کو بھی خدارا کبھی قدموں میں بُلا بھیج

اس در پہ بدلتی ہے دعاؤں کی بھی تقدیر
اس در کی طرف تو بھی کوئی حرف دعا بھیج

چل تجھ کو بلا بھیجا ہے محبوبِ خداؐ نے
یہ مژدہ یہ پیغام بھی محبوبِ خداؐ بھیج

Marfat.com

ہر چند وہ واقف ہیں مرے حال سے پھر بھی
قاصد کو مدینے کی طرف میں نے دیا بھیج

جنت میں ہو مسکن جہاں محبوبِ خداؐ کا
دے کاش اسی جا پہ مجھے میرا خدا بھیج

پوچھے جو خدا مجھ سے تو زاہدؔ میں کہوں گا
خوشبوئے مدینہ سے لدی بادِ صبا بھیج

## قطعہ

ہم کو بھی خیرات عطا کر
آ بیٹھے ہیں آپ کے در پر
خالق کا فرمان یہ سن کر
اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرْ

Marfat.com

کیا کہوں کیا میرے حضورؐ کا ہے / ربِّ کعبہ میرے حضورؐ کا ہے
اُن کا صدقہ ہی کھاتے پیتے ہیں / آب و دانہ میرے حضورؐ کا ہے
نوری آتے ہیں صبح و شام جہاں / وہ تو روضہ میرے حضورؐ کا ہے
اور تو اور خود میرا اللہ / آپ شیدا میرے حضورؐ کا ہے
اُس کی جھولی بھری ہی رہتی ہے / جو بھی منگتا میرے حضورؐ کا ہے
آج جو کچھ میں ہوں خدا کی قسم / سارا صدقہ میرے حضورؐ کا ہے
یہ جو لہرا رہا ہے محشر میں / یہ تو جھنڈا میرے حضورؐ کا ہے
حُسنِ یوسف کی بات کون کرے / ایسا چہرہ میرے حضورؐ کا ہے
میرے اللہ کی بھی مرضی ہے / جو ارادہ میرے حضورؐ کا ہے
فاطمہؓ و علیؓ، حسینؓ و حسنؓ / کیسا کنبہ میرے حضورؐ کا ہے
اور ادیان سارے باطل ہیں / دین سچا میرے حضورؐ کا ہے
میرے مولا مجھے چلا اُس پر / وہ جو رستہ میرے حضورؐ کا ہے
کام آؤ سدا غریبوں کے / یہی اُسوہ میرے حضورؐ کا ہے
چاند ٹکڑوں میں بٹ گیا ہوگا / ہاتھ اٹھا میرے حضورؐ کا ہے
شبِ اسریٰ صفوں میں نبیوں کی / خوب چرچا میرے حضورؐ کا ہے
بابِ جنت پہ عرشِ اعظم پہ / نام لکھا میرے حضورؐ کا ہے

Marfat.com

پل سے جو پار لے کے جائے گا — وہ سہارا میرے حضورؐ کا ہے
سدرۃ المنتہیٰ سے اگلا مقام — دیکھا بھالا میرے حضورؐ کا ہے
اُنؐ کا چہرہ اٹھے تو قبلہ پھرے — گویا قبلہ میرے حضورؐ کا ہے
آدمی کی نجات کا ضامن — ایک کلمہ میرے حضورؐ کا ہے
جس کا لج پال بچہ بچہ ہے — وہ گھرانہ میرے حضورؐ کا ہے
پڑھ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ — ہاتھ رب کا میرے حضورؐ کا ہے
اُس کی دنیا ہوئی ہے دیوانی — جو دیوانہ میرے حضورؐ کا ہے
چڑھ کے نیزے پہ جو پڑھے قرآن — وہ نواسہ میرے حضورؐ کا ہے
یوں تو لاکھوں ہی انبیاء آئے — نام چمکا میرے حضورؐ کا ہے
دولتِ عشقِ مصطفیٰؐ مانگو — یہ خزانہ میرے حضورؐ کا ہے
ظلمتیں چھٹ گئیں زمانے سے — نور چمکا میرے حضورؐ کا ہے

آج بھی ہر مقام پر زاہد
آنا جانا میرے حضورؐ کا ہے

Marfat.com

اگر دعا کو کبھی دستِ مصطفیٰ اُٹھے
بلا کے حبس میں فوراً کوئی گھٹا اُٹھے

جو کنکروں کو اشارہ کیا محمدؐ نے
ابو جہل کی وہ مٹھی میں گنگنا اُٹھے

یہیں پہ اہلِ محبت کی بات بنتی ہے
یہیں سے اہلِ نظر لے کے مدعا اُٹھے

میرے بھی خانہ دل میں حضورؐ آ جائیں
کہ اس غریب کی کٹیا بھی جگمگا اُٹھے

یہ اہلِ حق کی مجالس میں ہم نے دیکھا ہے
جو آئے کرتے ہوئے ذکرِ مصطفیٰ اُٹھے

بلالِؓ حبش ہو کوئی اویسِ قرنیؒ ہو
ہوئے نبی کے تو پھر ہو کے کیا سے کیا اُٹھے

حضورؐ میں بھی تو سائل ہوں آپؐ کے در کا
نگاہ لطف و کرم اس طرف ذرا اُٹھے

میں کچھ نہیں تھا مگر نعتِ مصطفیٰ کے طفیل
میرے نصیب کے تارے بھی جگمگا اُٹھے

Marfat.com

دیا جو درس مساوات میرے آقاؐ نے
تو مشرکین سبھی سن کے تلملا اُٹھے

یہ چاند رقص میں دیکھا ہے دُنیا والوں نے
کبھی جو جھولے میں انگشتِ مصطفیٰ اُٹھے

درودِ پاک نے کھولے ہیں در اجابت کے
ہیں جب بھی ہاتھ ہمارے پئے دعا اُٹھے

کسی نے ذکرِ مدینہ کیا ہے جب زاہد
کچھ اشک سے مری آنکھوں میں جھلملا اُٹھے

Marfat.com

دید کے واسطے آنکھوں کے بنا کے رستے
منتظر بیٹھا ہوں مدت سے سجا کے رستے

رہنمائی کو کرم آپؐ کا فوراً آیا
جب بھی غلطی سے چلا ہوں میں خطا کے رستے

واقعہ یاد دلاتے ہیں یہ ماں بیٹے کا
آبِ زم زم کا ہو چشمہ کہ صفا کے رستے

تیرےؐ قدموں کے لمس نے انہیں رفعت بخشی
اب بھی نازاں ہیں شہا غارِ حرا کے رستے

ہو نہ ہو چوم کے آئے ہیں یہ گنبد کو ضرور
آج مہکے ہوئے لگتے ہیں ہوا کے رستے

نارسائی کا گلہ اپنی جگہ یہ تو بتا
تو چلا ہے کبھی محبوبِ خدا کے رستے؟

Marfat.com

یا حسینؓ ابنِ علیؓ پھر ہے ضرورت تیری
راہ تکتے ہیں ترا کرب و بلا کے رستے

نعت گوئی کا مجھے علم نہیں ہے لیکن
میں نے ڈھونڈے ہیں الگ اُنؐ کی ثنا کے رستے

میں وہ زاہد ہوں کہ شیطان نہ بہکا پائے
روز ملتا ہوں خدا سے میں دعا کے رستے

## قطعہ

طبیبِ عاصیاں کی رحمتیں ہیں
شفیعِ مجرماں کی رحمتیں ہیں

میں زاہدؔ اُنؐ کی نعتیں لکھ رہا ہوں
حبیبِ کل جہاں کی رحمتیں ہیں

Marfat.com

جہانوں کے لئے رحمت محمد ﷺ
خدائے پاک کی چاہت محمد ﷺ

وہی ہیں باعثِ تخلیق عالم
قسیمِ کوثر و جنت محمد ﷺ

حلیمہ سعدیہؓ قربان تیرے
گئے چمکا تیری قسمت محمد ﷺ

ادھر آنکھوں میں ہے تو نور اُنؐ کا
ادھر دل کی بھی ہیں راحت محمد ﷺ

جنہیں زر کی تمنا ہے انہیں دے
مجھے بس آپ کی مدحت محمد ﷺ

یہی اک نام ہے ورد زباں اب
بڑی پختہ ہے یہ عادت محمد ﷺ

Marfat.com

مبارکباد ابو ایوبؓ تجھ کو
تیرے گھر کی بنے زینت محمد ﷺ

نبیؐ کے ذکر سے خالی نہیں ہے
یہی کہتی ہے ہر ساعت محمد ﷺ

تیرے روضے پہ دم زاہد کا نکلے
یہی ہے آخری حسرت محمد ﷺ

❀

جو کمال تجھؐ کو عطا ہوا — بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ
نہ جمیل تجھؐ سا کوئی ہوا — کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
تری مثل کوئی نہ دوسرا — حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ
سرِ عرش پڑھتا ہے خود خدا — صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

Marfat.com

ہے میسر نعت خوانی آپؐ کی
کتنی اچھی ہے نشانی آپؐ کی

آپؐ کی نظروں میں ہے مجھ سا حقیر
میرے آقاؐ مہربانی آپؐ کی

فرش بھی ہے آپ کے زیرِ نگیں
عرش پر بھی حکمرانی آپؐ کی

منکرِ شانِ نبی معراج میں
کی خدا نے میزبانی آپؐ کی

بالیقیں قرآن کی تفسیر ہے
یا محمد ﷺ زندگانی آپؐ کی

عاصیوں کا ہر جگہ رکھا خیال
خوب ہے یہ نگہبانی آپؐ کی

مرسلِ خاتم ہیں زاہدؔ مصطفیٰ
ہے نبوت جاودانی آپؐ کی

Marfat.com

میرے آقاؐ میری سرکارؐ مدینے والے
دیکھ لوں آپؐ کا دربار مدینے والے

ہے یقیں مجھ سے نکمے کو بھی بلوائیں گے آپؐ
اس لئے رہتا ہوں تیار مدینے والے

اور تو کچھ نہیں اے قاسمِ نعمت مانگا
میں ہوں بس طالبِ دیدار مدینے والے

قافلے دیکھ کے طیبہ کے میں رو دیتا ہوں
میں بھی آ جاؤں نہ اس بار مدینے والے؟

ایک رحمت کی نظر مجھ پہ مسیحائے جہاں
مر نہ جائے کہیں بیمار مدینے والے

یہ جو حائل ہے مرے اور مدینے کے بیچ
یہ گرا دیجئے دیوار مدینے والے

حشر میں دامنِ رحمت میں چھپا لیجو ہمیں
عرض کرتے ہیں گنہگار مدینے والے

Marfat.com

اور ہوں گے وہ جنہیں خواہشِ زر ہوتی ہے
میری دولت ہے تیرا پیار مدینے والے

میں اکیلا ہی نہ آؤں درِ دولت پہ حضورؐ
ساتھ آئیں مرے سب یار مدینے والے

آپ کے گھر نہیں آتا وہ اجازت کے بغیر
جو فرشتوں کا ہے سردار مدینے والے

آپ کے حکم پہ اشجار بھی دوڑے آئیں
اور کنکر کریں گفتار مدینے والے

اپنی آنکھوں میں لئے اُٹھوں بروزِ محشر
گنبدِ سبز کے انوار مدینے والے

غم زمانے کے ستائیں تو ستائیں کیسے
مل گئے ہیں مجھے غمخوار مدینے والے

آپؐ کی ذاتِ گرامی کی نہیں کوئی مثال
ارفع اعلیٰ تیرا کردار مدینے والے

کھول زاہدؔ کی طرف بھی درِ رحمت پھر سے
کر مجھے لائقِ دربار مدینے والے

Marfat.com

خوش بخت ہے وہ اک بار بھی جو پہنچا ہے ریاض الجنہّ میں
اللہ کی رحمت کو جس نے لوٹا ہے ریاض الجنہّ میں

دارین کی ہر نعمت لے کر لوٹا ہے ریاض الجنہّ سے
کشکول لئے خالی جو بھی پہنچا ہے ریاض الجنہّ میں

بس ہونٹ لرزتے ہوتے ہیں آنکھوں میں جھڑی لگ جاتی ہے
یہ منظر اکثر ہی ہم نے دیکھا ہے ریاض الجنہّ میں

تم اُس کی حقیقت کیا سمجھو تم اُس کی حقیقت کیا جانو
وہ شخص جو آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے ریاض الجنہّ میں

سب اپنی اپنی عرض لئے روضے پر حاضر ہوتے ہیں
کونین کا مالک ہر اک کی سنتا ہے ریاض الجنہّ میں

عصیاں کی سیاہی کو دھونے آتے ہیں مدینے میں عاصی
محبوبِ خدا کی رحمت کا دریا ہے ریاض الجنہّ میں

Marfat.com

کونین کی ہر دولت راحت مل جاتی ہے مانگنے والے کو
محبوبِ دو عالمؐ کا صدقہ ملتا ہے ریاض الجنۃ میں

ہوتے ہیں سماں پھر عیدوں کے گل کھلتے ہیں امیدوں کے
ہر وقت بہاروں کا میلا لگتا ہے ریاض الجنۃ میں

آنکھیں تو کھلی ہوتی ہیں مگر بے خود سا دکھائی دیتا ہو
سمجھو اُس وقت وہ دیوانہ پہنچا ہے ریاض الجنۃ میں

جس وقت عطا یہ نعت ہوئی محسوس مجھے یہ ہوتا تھا
اشعار کا یہ گلدستہ بھی لکھا ہے ریاض الجنۃ میں

میں بھی تھا کبھی موجود وہاں محراب نبیؐ میں سجدہ کناں
دل اُن کے کرم کی بارش میں بھیگا ہے ریاض الجنۃ میں

آنکھیں بھی دُھلی سی ہیں اس کی چہرے پر نور سا رقصاں ہے
لگتا ہے مدینے جا کر یہ رویا ہے ریاض الجنۃ میں

مشکل تو نہیں ہے اِس میں ذرا آسان سا ہے زاہدؔ کا پتہ
سرکارؐ کی نعتیں پڑھتا ہے بیٹھا ہے ریاض الجنۃ میں

Marfat.com

خدا نوازے گا رحمتوں سے یہ کام پیارے سدا کیا کر
حضورؐ کا نام جب سنے تو خلوص سے سر جھکا دیا کر

نبیؐ کی ہوگی کرم نوازی خدا بھی تجھ پر رہے گا راضی
زباں سے کر ذکر مصطفیٰ کا تو دل سے ہر دم خدا خدا کر

وہ وقت بھی آئیگا سہانا ہمارا ہوگا مدینے جانا
تیرے لئے میں میرے لئے تو مدینے جانے کی بس دعا کر

نہ جاہ و حشمت نہ جگ کی شہرت تو مانگ عشق نبی کی دولت
وہؐ سب کی بھرتے ہیں جھولیوں کو جا دیکھ تو بھی مدینے جا کر

نبیؐ کی یادوں کے پھول لے کر سجائے رکھنا یہ دل کا آنگن
تو خیر مقدم کے گیت گانا نصیب چمکائیں گے وہؐ آ کر

یہ میری زاہدؔ نیازی قسمت ملی ہے نعتِ نبی کی دولت
میں لوٹتا ہوں کرم خدا کا مدینے والے کے گیت گا کر

Marfat.com

ظلم و ستم جہان سے کافور ہو گئے
وہ غمگسار آئے تو غم دور ہو گئے

چمکا خدا کا نور عرب کی زمین پر
ذرّے عرب کے نور سے معمور ہو گئے

ظلمت کدۂ دہر سے سب تیرگی چھٹی
وابستہ ہو کے نور سے سب نور ہو گئے

بے اذنِ مصطفیٰ کوئی جاتا نہیں وہاں
در پر وہی گئے ہیں جو منظور ہو گئے

صدقے بٹے ہیں رحمت کون و مکان کے
دامان سب گداؤں کے بھرپور ہو گئے

جب سے نظر ہوئی ہے رسول کریمؐ کی
خوشیاں نصیب ہو گئیں غم دور ہو گئے

حضرت بلالؓ کہنے کو کالے تھے رنگ کے
لگ کر نبیؐ کے سینے سے پُر نور ہو گئے

زاہد نیازی نعت ولادت پہ جب کہی
اشعار میری نعت کے مشہور ہو گئے

Marfat.com

دہر میں بھٹکی پھرتی تھی انسانیت اور نہ تھی روشنی
مصطفیٰؐ آ گئے تو ہدایت کی سب کو ملی روشنی

دُور وہمِ دوئی کا اندھیرا ہوا وہ سویرا ہوا
سرزمین عرب سے محبت کی ایسی اٹھی روشنی

پڑھ کے جَاءُوکَ فرمان جو آ گیا مغفرت پا گیا
کاسۂ جان میں شاہِ ذیشان نے ڈال دی روشنی

بوجہل بھی تو اُنؐ کے زمانے میں تھا اور نشانے میں تھا
اُس کی قسمت میں لیکن نہ تھی نورِ اسلام کی روشنی

بہن سے عمر قرآن سنتے گئے اور سنورتے گئے
نورِ قرآن کی اُن کے دل میں اترتی گئی روشنی

بیٹیاں بار تھیں کافروں کے لئے آقاؐ کہنے لگے
بیٹیاں نور ہیں ان سے گھر بھر میں ہے پھیلتی روشنی

اُسوۂ مصطفیٰؐ ایسی تحریر ہے جس کی تفسیر ہے
روشنی روشنی روشنی روشنی روشنی

ابو ایوب قسمت پہ تیری فدا کل جہاں ہو گیا
کہ تیرے گھر میں کرنے کو آئے ہیں میرے نبیؐ روشنی

Marfat.com

نعتِ شاہِ دو عالم میں پڑھتا گیا اور نکھرتا گیا
میرے افکار کو ذکرِ سرکارؐ سے مل گئی روشنی

جب بھی زاہد کبھی بزم میں ہے پڑھی میں نے نعتِ نبیؐ
میرے اطراف میں دیکھتے دیکھتے ہو گئی روشنی

## قطعہ

جاں مدینے کی دھول کر لی ہے
یوں بھی جنت وصول کر لی ہے

کیسے اب پاؤں ڈگمگائیں گے
اتباعِ رسولؐ کر لی ہے

Marfat.com

اشک آنکھوں سے مری آج بہے جاتے ہیں
قافلے سوئے مدینہ جو چلے جاتے ہیں

اُنؐ کی الفت میرے سینے میں بسی جاتی ہے
پردے غفلت کے نگاہوں سے اُٹھے جاتے ہیں

اپنی حالت پہ ضرور اُنؐ کو رحم آئیگا
اُن کے دربار میں ہم عرض کئے جاتے ہیں

حکم ہے کنکریں شیطان کو مارو لیکن
اپنی جانب ہی مرے ہاتھ اٹھے جاتے ہیں

اپنے دامن میں درودوں کے سوا کچھ بھی نہیں
اُنؐ کی چوکھٹ پہ یہ سوغات لئے جاتے ہیں

میرا ایمان ہے ہوتا ہوں میں جب نعت سرا
میرے اشعار مدینے میں سُنے جاتے ہیں

Marfat.com

اپنی کوشش سے کہیں نعت یہ ممکن ہی نہیں
آپؐ لکھواتے ہیں سرکار لکھے جاتے ہیں

رحمتِ کون و مکان سُنتے ہیں سب طیبہ میں
جو بھی نغمات درودوں کے پڑھے جاتے ہیں

مجھ کو اس سال بھی آیا نہ بلاوا زاہدؔ
دل کے ارمان مرے دل میں رہے جاتے ہیں

Marfat.com

آئیں گے غلام آقا کب مسجدِ نبوی میں
اللہ کرے جائیں سب مسجدِ نبوی میں

فرقت کا یہ عالم ہے جی میں مرے آتا ہے
اُڑ کر میں پہنچ جاؤں اب مسجدِ نبوی میں

انوارِ محمد ﷺ سے بھر لیتا ہے دامن کو
آتا ہے کوئی سائل جب مسجدِ نبوی میں

اشکوں کی زباں میں ہی سب حال سناتے ہیں
خاموش ہی رہتے ہیں لب مسجدِ نبوی میں

حسرت ہے کہ طاری ہو جب وقت نزع مجھ پر
اے کاش پہنچ جاؤں تب مسجدِ نبوی میں

زاہدؔ کی تمنا ہے اُس وقت یہ دم نکلے
یارب یہ پہنچ جائے جب مسجدِ نبوی میں

Marfat.com

سج گئے بازار سارے سج گئی ہے ہر گلی
دھوم ہے کیسی مچی سرکارؐ کے میلاد کی
عید میلاد النبیؐ

آگئے وہ جن کے آنے سے سجی ہے کائنات
آگئے وہ جن کے آنے سے ہر اک جھولی بھری
عید میلاد النبیؐ

مرحبا اے مظہرِ ذاتِ خدائے کبریا
ہے رضائے حق یقیناً جو رضا ہے آپؐ کی
عید میلاد النبیؐ

مرحبا صد مرحبا حاجت روا مشکل کشا
آپؐ کا مدح سرا ہے آپ کر ہر اُمتی
عید میلاد النبیؐ

مرحبا صدمرحبا اے مظہرِ نور خدا
عرش پر بھی آپؐ ہی کے نور کی ہے روشنی
عید میلاد النبیؐ

یہ بھی ہے اک معجزہ تیری ولادت کا شہاؐ
اُس برس ہر ماں کی جھولی ربّ نے بیٹے سے بھری
عید میلاد النبیؐ

مرحبا یا مصطفیٰؐ جد الحسینی مرحبا
آپؐ کی نسبت سے آقاؐ بات زاہد کی بنی
عید میلاد النبیؐ

Marfat.com

❀

اپنے بھی نہیں اپنے دشمن ہے زمانہ بھی
آقاؐ کا کرم ہے پھر یوں خوش نظر آنا بھی

کیا خوف زمانے کا کیا فکر قیامت کی
حسنینؓ ہیں جب اپنے حسنینؓ کا نانا بھی

یہ خوبیٔ قسمت ہے جس شخص کو مل جائے
سرکارؐ کے کوچے میں رہنے کو ٹھکانہ بھی

کب تک مری قسمت میں لکھا ہے مرے آقاؐ
فرقت میں مدینے کی یوں اشک بہانا بھی

طائف کے مکیں اب تک بھولے تو نہیں ہونگے
اُس رحمتِ عالم پر پتھر برسانا بھی

سورج بھی پلٹتا ہے اور چاند بھی جھکتا ہے
ہو عہدِ جوانی یا بچپن کا زمانہ بھی

قسمت کا سکندر ہے خوش بخت ہے وہ جس پر
آقاؐ بھی رہیں راضی آقاؐ کا گھرانہ بھی

یہ عشق نہیں ہے تو پھر اور ہے کیا زاہدؔ
کھوئے ہوئے رہنا بھی دنیا سے چھپانا بھی

Marfat.com

کاش ایسی بھیک دیں کبھی خیر البشر مجھے
کر دے جو بے نیازِ جہاں عمر بھر مجھے

جب سے میں چوم آیا ہوں روضے کی جالیاں
اب ہے لحد کا خوف نہ محشر کا ڈر مجھے

دل ہے کہ اپنے گھر میں بھی لگتا نہیں مرا
ایسا پسند آیا نبیؐ کا نگر مجھے

میں بار بار شہرِ نبی دیکھتا رہوں
مل جائے بار بار جو اذنِ سفر مجھے

مجھ کو عطا ہوئی ہے غلامی حضورؐ کی
ملتے ہیں احترام سے اب تاجور مجھے

جب سے درودِ پاک وظیفہ بنا مرا
ہر سمت آپ آئے نظر جلوہ گر مجھے

آقاؐ حضور ایسا قلم کیجیے عطا
مصروفِ نعت رکھے جو شام و سحر مجھے

کشتی نبیؐ کے نام پہ جب میں نے چھوڑ دی
رستہ بنا کے دیتے رہے خود بھنور مجھے

Marfat.com

سمجھوں گا میں نے گوہر مطلوب پا لیا
لے جائے موت آپؐ کے روزے پہ گر مجھے

اُس زلفِ پاک کو اے صبا چوم کر تو آ
مہکا دل و دماغ کو اور مست کر مجھے

اب تو حضورؐ چہرۂ انور دکھائیے
کہنے لگے ہیں لوگ چراغِ سحر مجھے

زاہدؔ نہیں ہوں میں تو گنہ گار ہوں حضورؐ
درکار ہے کرم کی فقط اِک نظر مجھے

Marfat.com

مل جائے مجھے کاش گدائی ترےؐ در کی
دیتا رہوں دن رات دہائی ترےؐ در کی

آتا ہے مقدر سے مدینے سے بلاوا
ملتی ہے مقدر سے گدائی ترےؐ در کی

پایا ہے سکندر نے بہت کچھ مگر افسوس
کیا پایا جو خیرات نہ پائی ترےؐ در کی

باغیچۂ دل سب کا مہک جائے گا واللہ
جب ٹھنڈی ہوا جھوم کے آئی ترےؐ در کی

محشر میں کوئی حُسنِ عمل پاس نہیں تھا
نکلی مرے دامن سے کمائی ترےؐ در کی

منگتوں میں ترے صرف یہ زاہد ہی نہیں ہے
سلطان بھی کرتے ہیں گدائی ترےؐ در کی

Marfat.com

سرکارؐ کی محفل کو سجانے کے لئے آ
جانا ہے مدینے میں تو جانے کے لئے آ

وہ چشمِ مسیحائے کرم دیکھ رہی ہے
تو زخمِ جگر اپنا دکھانے کے لئے آ

اے گنبدِ خضریٰ کے مکیں اپنے کرم سے
آ بات مری بگڑی بنانے کے لئے آ

ہر چند وہ واقف ہیں تیری حالتِ دل سے
پھر بھی انہیںؐ روداد سنانے کے لئے آ

جو آگ جہنم کی بجھا دیتے ہیں زاہد
وہ اشک سرِ بزم بہانے کے لئے آ

Marfat.com

❀

ہوں گرفتارِ غم مجھ پہ کردو کرم در پہ حاضر گنہگار ہے یا نبیؐ
سب مریضانِ عصیاں کا دارالشفا آپؐ ہی کا تو دربار ہے یا نبیؐ

آپ نے عمل سے اپنے ثابت کیا زندگی اصل ہے بندگیٔ خدا
غیر بھی دے رہے ہیں گواہی تری کیا حسیں تیرا کردار ہے یا نبیؐ

اے مسیحائے عالم کرم ہو کرم دید کے منتظر مدتوں سے ہیں ہم
رُخ سے پردہ خدارا اُٹھا دیجئے سارا عالم ہی بیمار ہے یا نبیؐ

مجھ کو دنیا کے غم ہیں ستانے لگے میرے دشمن ہیں مجھ کو مٹانے لگے
ایسے حالات میں غم کی برسات میں چشمِ رحمت ہی درکار ہے یا نبیؐ

مجھ کو جلوے دکھا گنبدِ سبز کے پھر میں لوٹوں مواجہہ کے آ کر مزے
میرا دامن مرادوں سے بھر دیجئے آپؐ کی اعلیٰ سرکار ہے یا نبیؐ

تیرگی حد سے بڑھتی چلی جائے ہے بجھتے جاتے ہیں ایک ایک کر کے دیئے
اک تبسم کی خیرات ہو اب عطا روشنی ہم کو درکار ہے یا نبیؐ

Marfat.com

جس نے دی مشکلوں میں دہائی تری بالیقیں اُس نے امداد پائی تری
جس سفینے کے بھی ناخدا آپؐ ہیں وہ تو منجدھار سے پار ہے یا نبیؐ

تیری یادوں میں گزرے مری زندگی تیری یادوں سے قائم مری بندگی
میری آنکھوں کو خواہش ہے دیدار کی دل بھی تیرا طلبگار ہے یا نبیؐ

وقت نے ایسی مصروفیت کی بپا جال میں اپنے سب کو لیا ہے پھنسا
اب تو زاؔہد بھی ہے اِن میں الجھا ہوا جو مسائل کا انبار ہے یا نبیؐ

## قطعہ

مرا دل خوگر مسند نہیں ہے
شہنشاہی مرا مقصد نہیں ہے

ہمارا عشق کا دعویٰ عبث ہے
جو دل میں صاحبِ گنبد نہیں ہے

Marfat.com

میں جو کچھ بھی ہوں آپؐ کی ہی عطا ہے
وگرنہ شہا میری اوقات کیا ہے

پڑا رہنے دیں مجھ کو قدموں میں اپنے
مجھے آپؐ کے نام کا آسرا ہے

میں اپنے مقدر پہ قربان جاؤں
مجھے آپؐ سا شیخ کامل ملا ہے

وہ ویرانے بھی گلستاں بن گئے ہیں
قدم جس جگہ آپؐ نے رکھ دیا ہے

مجھے کیا ضرورت ہے غیروں سے مانگوں
مجھے میرے آقاؐ نے سب کچھ دیا ہے

ادھر بھی ذرا نظرِ رحمت خدارا
کوئی آپؐ کے راستوں میں کھڑا ہے

Marfat.com

میں گم تھا زمانے کی تاریکیوں میں
مقدر سے در آپؐ کا مل گیا ہے

غلاموں نے ہر چیز قربان کر دی
جونہی نام آقاؐ کا میں نے لیا ہے

گھڑی دو گھڑی ہی سہی آ تو جاؤ
ترے چاہنے والوں کی التجا ہے

جبیں کب سے بے چین ہے بہرِ سجدہ
یہ دل آپؐ کا نقش پا ڈھونڈتا ہے

ترے نام سے میری جھولی بھری ہے
تیرے نام پر میرا سب کچھ فدا ہے

حقیقت ہی زاہد نیازی کی کیا ہے
زمانہ ترے نام سے جانتا ہے

Marfat.com

❀

یہ لطفِ خاص بھی عالی جناب ہو جائے
گناہگار بھی اب فیض یاب ہو جائے

کھٹک رہا ہے زمانے کو خار کی مانند
نگاہِ لطف سے جیون گلاب ہو جائے

خدائے پاک کا یہ لطفِ خاص ہی ہوگا
رقم جو مجھ سے محبت کا باب ہو جائے

درِ حضورؐ پہ میں جاؤں آؤں پھر جاؤں
کرم خدارا یہی بے حساب ہو جائے

جو چاہتے ہو کہ ہو بارشِ کرم آؤ
ادب سے ذکرِ علیؓ بوتراب ہو جائے

جو اُنؐ کے روضے پہ پہنچوں تو جی اُٹھوں زاہدؔ
رہوں جو دور تو جینا عذاب ہو جائے

Marfat.com

تشنگی دل کی بجھائیں گے وہ اِنْ شاءَ اللہ
پھر مدینے میں بلائیں گے وہ اِنْ شاءَ اللہ

بھیجتے رہتے ہیں تحفے جو درودوں کے اُنہیں
اُن کو دیدار کرائیں گے وہ اِنْ شاءَ اللہ

تو بھی سلطانِ مدینہ کی ذرا بزم سجا
تیری قسمت بھی جگائیں گے وہ اِنْ شاءَ اللہ

ہر کڑے وقت میں اُن کو ہی صدا دیتا ہوں
میرا ایماں ہے بچائیں گے وہ اِنْ شاءَ اللہ

بزمِ جاں اس لئے ہر وقت سجا رکھتا ہوں
بخت جاگیں گے تو آئیں گے وہ اِنْ شاءَ اللہ

مجھ کو سرکارؐ نے دکھلا دیا روضہ زاہد
رُخِ روشن بھی دکھائیں گے وہ اِنْ شاءَ اللہ

Marfat.com

رحمت کی بھیک پانے سرکارؐ کی گلی میں
جائیں نہ کیوں دیوانے سرکارؐ کی گلی میں

دن رات سب میں یکساں تقسیم ہو رہے ہیں
اللہ کے خزانے سرکارؐ کی گلی میں

اے زائرِ مدینہ مجھ کو بھی ساتھ اپنے
لے چل کسی بہانے سرکارؐ کی گلی میں

لو جا رہا ہوں میں بھی نالے دلِ حزیں کے
سرکارؐ کو سنانے سرکارؐ کی گلی میں

آئے نہ رشک کیوں کر قسمت پہ اُس کی جس کو
بلوا لیا خدا نے سرکارؐ کی گلی میں

زاہدؔ انہیں تو جنت دنیا میں مل گئی ہے
جن کو ملے ٹھکانے سرکارؐ کی گلی میں

Marfat.com

✿

دربدر بھٹکا ہوا دنیا کا ٹھکرایا ہے
اک گنہگار ہے روضے پہ ترے آیا ہے

میں تو بس نعتِ نبیؐ پڑھتا رہا شام و سحر
اس وظیفے نے مقدر مرا چمکایا ہے

جسم اطہر کا تو سایہ ہی نہیں تھا لیکن
سارے کونین پر رحمت کا تیری سایا ہے

یہ تو بس رحمتِ سرکارؐ تھی میں بخشا گیا
ورنہ اعمال نے مجھ کو بڑا شرمایا ہے

تھام لیتا ہے کرم آپؐ کا فوراً بڑھ کر
جب بھی مشکل میں غلام آپؐ کا گھبرایا ہے

میں تو گمنامی کے جنگل میں بھٹکتا رہتا
یا نبیؐ کتنا کرم آپؐ نے فرمایا ہے

Marfat.com

کس قدر ظلم کما بیٹھے ہیں طائف والے
آپؐ کے ہونٹوں پہ شکوہ نہ کوئی آیا

اور تو کوئی نہیں حُسنِ عمل پاس مرے
آپؐ کی نعت ہی آقاؐ مرا سرمایہ ہے

ہم غلامان محمد ﷺ نے خدا سے زاہد
آپؐ کے صدقے میں جو مانگا وہی پایا ہے

Marfat.com

❀

بزم جاں ذکرِ محمد ﷺ سے سجانے کے لئے
نعت ہم پڑھتے ہیں آقاؐ کو سنانے کے لئے

تذکرہ کوئے مدینہ سے جدائی والا
کس نے پھر چھیڑ دیا مجھ کو رلانے کے لئے

حاضری آپؐ کی چوکھٹ پہ ضروری ہے بہت
اذن بخشش مرے سرکارؐ سے پانے کے لئے

یا نبیؐ مجھ کو بھی اُن لوگوں میں شامل کرلیں
جو ہیں تیار تیرے روضے پر آنے کے لئے

وَالضُّحٰی چہرہ ہے مَا زَاغَ بَصَر لب یُوحٰی
اور حسیں گیسوئے وَالَّیْل ہیں شانے کے لئے

بددعا جان کے دشمن کو بھی کب دیتے ہیں
بن کے رحمت وہ جو آئے ہیں زمانے کے لئے

حوضِ کوثر پہ کھڑے ہیں مرے آقاؐ زاہدؔ
اپنے ہاتھوں سے غلاموں کو پلانے کے لئے

Marfat.com

دل کہتا ہے اب یہ میرا اے یار مدینے جائیں گے
سرکارؐ کرم فرمائیں گے گنہگار مدینے جائیں گے

کشکول بنا کر ہم دل کا خیرات محبت کی لینے
ہم کملی والے آقاؐ کے دربار مدینے جائیں گے

ہریالیاں پھر کب دیکھوں گا آقاؐ تیرے گنبدِ خضریٰ کی
اے جانِ مسیحا کب تیرے بیمار مدینے جائیں گے

ہر روز تسلی دیتا ہوں یہ کہہ کر میں اپنے دل کو
اب تو باقی دن رہتے ہیں دو چار مدینے جائیں گے

میخانۂ وحدت سے اِک دن اس ساقیٔ کوثر کے ہاتھوں
